CAREERINDIA

**Series : TYM/C** **SET-4**

**Code No. 5A**

**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

**وقت** : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours]*

کُل نمبر : 80
*[Maximum marks : 80*

## حصّہ - الف

1. درج ذیل (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے : **5**

”بابا فرید کے والد کا نام جمال الدین تھا۔ بابا فرید کے والد بھی تعلیم یافتہ اور سچے مسلمان تھے۔ ابتدائی تعلیم انہوں نے اپنے والدین سے حاصل کی۔ ان کی والدہ ایک صوفی خاتون تھیں۔ انہوں نے بچپن سے ہی ننھے فرید کو خداپرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں بتایا۔ اس لیے لڑکپن سے آپ صوفیوں سے متاثر ہونے لگے۔ نوجوانی میں آپ کی ملاقات حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ سے ہوئی۔ آپ کے دل میں ان کے مرید ہونے کی شدید خواہش پیدا ہوئی۔ اسی لیے آپ دہلی آکر ان کے ساتھ رہنے لگے۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ نے آپ کو مرید کر لیا اور مزید علم حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ چنانچہ آپ نے ملتان کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے قندھار چلے گئے۔ واپس آکر اپنے پیر حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ سے روحانی تربیت حاصل کی۔“

CAREERINDIA

(i) بابا فرید نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی ؟

(A) دہلی سے (B) ملتان سے

(C) قندھار سے (D) والدین سے

(ii) بابا فرید کے والد کا نام کیا تھا ؟

(A) جمال الدین (B) قرسم

(C) قطب الدین (D) بختیار کا کی

(iii) ننھے فرید کو خداپرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں کس نے بتایا ؟

(A) ان کے والد نے (B) ان کی والدہ نے

(C) قطب الدین بختیار کا کیؒ نے (D) صوفیوں نے

(iv) قطب الدین بختیار کا کیؒ کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(A) قندھار (B) ملتان

(C) دہلی (D) ایران

(v) بابا فرید نے اپنے پیر صاحب کی ہدایت پر کہاں کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی ؟

(A) دہلی (B) ملتان

(C) مقامی (D) ایران

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

مشرق کا دیا گل ہوتا ہے مغرب پہ سیاہی چھائی ہے
ہر دل سن سا ہو جاتا ہے ہر سانس کی لو بھراتی ہے
اتر دکھن پورب پچھّم، ہر سمت سے اک چیخ آتی ہے
نوع انساں کاندھوں پہ لیے گاندھی کی ارتھی جاتی ہے
کچھ دیر کو نبض عالم بھی چلتے چلتے رک جاتی ہے
ہر ملک کا پرچم گرتا ہے، ہر قوم کو ہچکی آتی ہے
تہذیب جہاں تھراتی ہے، تاریخ بشر شرماتی ہے
موت اپنے کیے پر خود جیسے دل ہی دل میں پچھتاتی ہے
انسان وہ اٹھا جس کا ثانی صدیوں میں بھی دنیا جن نہ سکی
مورت وہ مٹی نقاش سے بھی جو بن کے دوبارہ بن نہ سکی



www.careerindia.com

(i) نوع انساں کے کاندھوں پر کس کی لاش ہے ؟

(A) چینخوں کی (B) گاندھی کی (C) دل کی (D) بشر کی

(ii) گاندھی کی موت کے بعد موت دل ہی دل میں کیا کرتی ہے ؟

(A) ہچکی لیتی ہے (B) تھراتی ہے (C) پچھتاتی ہے (D) شرماتی ہے

(iii) ہر سمت سے کیا آتی ہے ؟

(A) سیاہی (B) ارتھی (C) ہچکی (D) چیخ

(iv) چلتے چلتے کیا رک جاتی ہے ؟

(A) نبض عالم (B) ملک کا پرچم (C) تہذیب جہاں (D) نوع انسان

(v) وہ کون ہے جس کا ثانی صدیوں میں بھی دنیا نہیں جن سکی ؟

(A) مشرق کا دیا (B) مغرب کی سیاہی (C) گاندھی (D) ملک کا پرچم

## حصّہ - ب

3. درج ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر **200** الفاظ میں تفصیلی مضمون لکھیے : **10**

(i) آلودگی ایک سنگین مسئلہ

(ii) آپ کی پسندیدہ شخصیت

(iii) قومی تہوار

4. اپنے والد کو خط لکھ کر بتائیے کہ امتحانات کے بعد آپ کا کیا پروگرام ہے ؟ **4**

**یا**

اپنے علاقے کے پولیس افسر کو درخواست لکھ کر اپنے علاقے میں بڑھتے جرائم کے بارے میں بتائیے۔

## حصّہ - ج

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف مثال کے ساتھ کیجیے : **2**

(i) فعل ناقص (ii) فعل مجہول

6. (i) درج ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف مثال کے ساتھ کیجیے : **3**

(A) صنعت تلمیح (B) استعارہ



www.careerindia.com

(ii) درج ذیل شعر کو غور سے پڑھیے اور بتائیے کہ اس میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟ 2

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

.7 درج ذیل محاوروں میں سے کسی دو کے معنی لکھیے اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے : 3

(i) خون سفید ہونا (ii) ڈنکے کی چوٹ پر کہنا
(iii) سر پر کفن باندھنا (iv) ناک میں دم کرنا
(v) عرش پر دماغ ہونا

## حصہ - د

.8 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

**(الف)**

''ان مارواڑیوں کی بات چیت استاد منگو کے دل میں ناقابل بیان خوشی پیدا کر رہی تھی۔ وہ اپنے گھوڑے کو ہمیشہ گالیاں دیتا تھا اور چابک سے بہت بری طرح پیٹا کرتا تھا مگر اس روز وہ بار بار پیچھے مڑکر مارواڑیوں کی طرف دیکھتا اور اپنی بڑھی ہوئی مونچھوں کے بال ایک انگلی سے بڑی صفائی کے ساتھ اونچے کرکے گھوڑے کی پیٹھ پر باگیں ڈھیلی کرتے ہوئے بڑے پیار سے کہتا - 'چل بیٹا، ذرا ہوا سے باتیں کرکے دکھا دے۔' مارواڑیوں کو ان کے ٹھکانے پہنچا کر اس نے انارکلی میں دینو حلوائی کی دکان پر آدھ سیر دہی کی لسی پی کر ایک بڑی ڈکار لی اور مونچھوں کو منھ میں دبا کر ان کو چوستے ہوئے ایسے ہی بلند آواز میں کہا - 'ہت تیری ایسی کی تیسی'۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(A) بھیک (B) نیا قانون
(C) سرسید کا بچپن (D) آزمائش

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے؟

(A) حیات اللہ انصاری (B) محمد مجیب
(C) سعادت حسن منٹو (D) الطاف حسین حالی

(iii) لسی پینے کے بعد اس نے کیا کیا ؟

(A) اپنی مونچھوں کو اوپر کیا (B) اپنے گھوڑے کو گالیاں دیں
(C) مڑکر مارواڑیوں کی طرف دیکھا (D) ایک بڑی ڈکار لی

www.careerindia.com

(iv) مارواڑیوں کی بات چیت نے منگو کے دل میں کیا پیدا کیا ؟

(A) گالیاں دینے کی عادت (B) ناقابل بیان خوشی

(C) گھوڑے کو چابک سے مارنا (D) مونچھوں کو چوسنا

(v) اس نے دینو حلوائی کے یہاں لسی کب پی ؟

(A) مارواڑیوں کو ان کے ٹھکانے پہنچا کر (B) مارواڑیوں کے باتیں سن کر

(C) انگلیوں سے مونچھوں کے بال اوپر کرکے (D) مونچھوں کو منھ میں دبا کر چوسنے کے بعد

## (ب)

''گلی سے ریڑھی والا ہانک لگاتا گزر رہا تھا کہ انگور ہیں چمن کے، پپیتے ہیں پیڑ کے پکے ہوئے۔ انہوں نے لڑکا بھیج کر انھیں بلایا اور کہا 'میاں جی معاف کیجیے ہمیں ضرورت نہیں۔' پھل والا چلا گیا تو ہم نے عرض کیا کہ 'اس زحمت کی کیا ضرورت تھی، وہ تو جا ہی رہا تھا اسے روکنا کیا ضروری تھا۔' بولے 'احتیاط کا تقاضا تھا کہ اس پر بات واضح کر دی جائے اور معذرت بھی کی جائے کیوں کہ بیچارہ اتنی دور سے اتنی امید لے کر پھل بیچنے آتا ہے۔ دوسرے یہ کہ اسے یہ گمان نہ گزرے کہ اس گھر میں شاید بہرے رہتے ہیں جو اس کی آواز نہیں سن پاتے۔' یہی ہمارے دوست ایک روز کار میں ہمارے ساتھ گولی مارسے گزر رہے تھے۔ ایک جگہ لکھا ہے 'تشریف لائیے۔ ربڑی قلفی اورلسّی تیار ہے۔' انھوں نے فوراً کار ٹھہرائی اور دوکاندار سے کہا کہ 'پہلی بات تو یہ کہ ہمارے پاس فرصت نہیں۔ ہم ضروری کام سے جا رہے ہیں۔ دوسرے قلفی اور ربڑی ہم نہیں کھاتے اورلسّی کا بھلا یہ کون سا موسم ہے ؟ بہر حال تمہاری پیش کش کا شکریہ۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے ؟

(A) عورتوں کے حقوق (B) چوری اور اس کا کفارہ

(C) سرسید کا بچپن (D) اشتہارات 'ضرورت نہیں ہے' کے

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے ؟

(A) الطاف حسین حالی (B) ابن انشاء

(C) سرسید احمد خاں (D) سید عابد حسین

(iii) انھوں نے لڑکا بھیج کر کس کو بلایا ؟

(A) قلفی والے کو (B) کار والے کو

(C) ریڑھی والے کو (D) اپنے دوست کو

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iv) 'گولی مار' کس چیز کا نام ہے ؟

(A) شکاری کا (B) کار چلانے والے کا

(C) پھل بیچنے والے کا (D) کسی مقام کا

(v) کار والا کیا نہیں کھاتا تھا ؟

(A) قلفی اور ربڑی (B) لسّی

(C) پیڑ کے پکے ہوئے پپیتے (D) بازار کی چیز

.9 سبق 'سرسید کا بچپن' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔ 5

یا

'عورتوں کے حقوق' میں کس بات پر زور ڈالا گیا ہے ؟ اپنی زبان میں لکھیے۔

.10 درج ذیل میں سے صرف **دو** سوالوں کے جواب لکھیے : 4

(i) 'بھولا' گیتا شوق سے کیوں سنتا تھا ؟

(ii) سبق 'بھیک' میں کیلاش نے ایسا کیا کہا جسے سن کر رجنی پر بجلی سی گر پڑی ؟

(iii) گاندھی جی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد پر کیا اثر ہوا ؟

(iv) مضمون 'مخلوط زبان' میں اردو زبان کی کن خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے ؟

.11 درج ذیل شعری حصوں میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

(الف)

جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے

دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں، بستے بستے بستی ہے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) نظم (B) رباعی (C) غزل (D) مرثیہ

(ii) درج بالا شعری حصے کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(A) فانؔی بدایونی (B) شادؔ عظیم آبادی (C) اکبرؔ الہ آبادی (D) فراقؔ گورکھپوری



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) شاعر کے لیے جگ کیسا ہے؟

(A) ہر طرف رونق ہے (B) سونا ہے

(C) خوبصورت ہے (D) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iv) مصرعہ مکمل کیجیے : دل پہ گھٹا سی چھائی ہے ...............

(A) جی ہے کہ امڑا آتا ہے (B) جو برستی نہیں ہے

(C) کھلتی ہے نہ برستی ہے (D) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(v) کس چیز کا بسنا کھیل نہیں ہے؟

(A) بستی کا (B) دل کا (C) دنیا کا (D) آبادی کا

(ب)

پلٹن اور رسالے دیکھے
گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے
بینڈ بجانے والے دیکھے

اچھے اچھوں کو بھٹکا دیکھا
بھیڑ میں کھاتے جھٹکا دیکھا
منھ کو اگرچہ لٹکا دیکھا
دل دربار سے اٹکا دیکھا

اوج برٹیش راج کا دیکھا
پرتو تخت و تاج کا دیکھا
رنگ زمانہ آج کا دیکھا
رخ کرزن مہراج کا دیکھا

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A) نظم (B) غزل (C) مرثیہ (D) رباعی

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) فراقؔ گورکھپوری (B) اخترؔ شیرانی (C) شادؔ عظیم آبادی (D) اکبرؔ الہ آبادی

(iii) کرزن مہراج کون ہیں؟

(A) ہندوستانی نواب (B) برٹش وائسرائے (C) مغل بادشاہ (D) ہندوستان کا صدر

(iv) لفظ 'اوج' کے کیا معنی ہیں؟

(A) عکس (B) عروج (C) آسمان (D) خوش

(v) گورے اور کالے سے کیا مراد ہے؟

(A) خوبصورت اور بدصورت (B) شمالی ہند اور جنوبی ہند کے رہنے والے

(C) انگریز اور ہندوستانی (D) مالک اور غلام

www.careerindia.com

12. اپنے نصاب میں شامل نظم 'حقیقتِ حسن' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔ 5

یا

شاؔد عظیم آبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

13. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھیے : 4

(i) نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' میں 'لو' کو روح فرسا کیوں کہا گیا ہے ؟

(ii) نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' میں 'سر میں شوق کا سودا دیکھا' سے کیا مراد ہے ؟

(iii) میر انیس کی پہلی رباعی میں قدرت کے جلوں کی کثرت نے شاعر پر کیا اثر ڈالا ؟

(iv) ذوق کی غزل میں 'عمر خضر' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

14. درج ذیل میں سے صرف **ایک** سوال کا جواب لکھیے : 4

(i) اپنے نصاب میں شامل افسانہ ''گلی ڈنڈا'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

(ii) اشرف صبوحی کے خاکہ 'مرزا چپاتی' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

15. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 4

(i) سبق ''دو فرلانگ لمبی سڑک'' میں تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا ؟

(ii) سبق ''آئی۔سی۔ایس'' میں 'بہو بیگم' کے کردار کی خوبیاں بیان کیجیے۔

(iii) مصنف کو پہلے فقیر پر کیوں رحم آیا ؟

(iv) دیوندر ستیارتھی نے کہانی کے آخری حصے میں کال کا ذمہ دار کسے ٹھہرایا ہے اور کیوں ؟

16. درج ذیل میں سے کسی **ایک** پر نوٹ لکھیے : 5

(i) خاکہ (ii) نظم (iii) آپ بیتی

17. اردو زبان کی تاریخ پر ایک مضمون لکھیے۔ 5

یا

اردو زبان کی ابتداء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔

---

www.careerindia.com